# 21 اسباق

کتاب **Gigi** نے لکھی۔

ترجمہ **بٹ کوائن پاکستان** نے کیا۔

میں نے بٹ کوائن کی خرگوش کے بل جیسی دنیا کے اندر کھو کر کیا سیکھا ؟

" اوہ پاگل ایلس "

اس نے دوبارہ کہا۔

تم یہاں سے آخر کیا سبق سیکھ سکتی ہو ؟ وہاں تمہارے لئیے آخر جگہ کیونکر ہوگی؟

اور کسی قسم کی نصابی کتاب کے لئیے تو بالکل جگہ نہیں۔

# دیباچہ/پیش لفظ

بیچاری ایلس بل سے نیچے گری ، اسکا سر پھٹا اور روح تک زخموں سے داغدار ہوگئی۔ بٹ کوائن کے خرگوش کے بل سے نیچے گرنا ایک عجیب تجربہ ہے۔ بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح، مجھے ایسا لگتا ہے کہ میں نے پچھلے دو سالوں میں بٹ کوائن کا مطالعہ کرتے ہوئے اس سے زیادہ سیکھا ہے جتنا میں نے دو دہائیوں کی رسمی تعلیم کے دوران سیکھا ہے۔

مندرجہ ذیل "اکیس اسباق" ، میں نے بٹ کوائن سے جو کچھ سیکھا ہے اس کا عرق ہیں۔ سب سے پہلے ایک مضمون سیریز کے طور پر شائع ہوا جس کا عنوان تھا "میں نے بٹ کوائن سے کیا سیکھا ہے"، اس کے بعد اصل سیریز کے دوسرے ایڈیشن کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔

بٹ کوائن کی طرح، یہ اسباق کوئی جامد چیز نہیں ہیں۔ میں ان پر وقتاً فوقتاً کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، مستقبل میں تازہ ترین ورژن اور اضافی مواد جاری کرتا رہوں گا۔

بٹ کوائن کے برعکس، اس پروجیکٹ کے مستقبل کے ورژنز کو پسماندگی سے مطابقت پذیر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ کچھ اسباق کو بڑھایا جا سکتا ہے، دوسروں کو دوبارہ بہتر یا تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ مستقبل کا ورژن کچھ ایسا ہوگا جسے آپ اپنے ہاتھ پر رکھ سکتے ہیں، لیکن میں ابھی کچھ بھی وعدہ نہیں کرنا چاہتا۔

بٹ کوائن ایک ناقابل شکست استاد ہے، اس لیے میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ یہ اسباق مکمل اور حتمی ہیں۔ یہ سب بٹ کوائن کے خرگوش کے بل کے نیچے میرے ذاتی سفر کا عکس ہیں۔ سیکھنے کے لیے اور بھی بہت سے سبق ہیں، اور ہر شخص بٹ کوائن کی دنیا میں داخل ہونے سے کچھ مختلف سیکھے گا۔( ہر شخص کا تجربہ مختلف ہوگا)

امید ہے کہ آپ ان اسباق کو کارآمد پائیں گے اور انہیں پڑھ کر سیکھنے کا عمل اتنا مشکل اور رکاوٹوں بھرا نہیں ہوگا جتنا مشکل پہلے سیکھنا تھا۔

# فہرست مضامین


| |
|---|
| تعارف |
| پہلا باب |
| فلسفہ |
| سبق 1 : جمود اور تبدیلی |
| سبق2: قلت |
| سبق 3: نقل اور مقامیت |
| سبق4: شناخت کا مسئلہ |
| سبق 5: ایک بے عیب تصور |
| سبق 6 : آزادی اظہار کی طاقت |
| سبق 7: علم کی حدود |
| دوسرا باب |
| معاشیات |
| سبق 8 : مالی لاعلمی |
| سبق 9 : افراط زر |
| سبق 10 : قدر |
| سبق 11 : پیسہ |
| سبق 12 : پیسے کی تاریخ اور زوال |
| سبق 13 : فریکشنل ریزرو کا پاگل پن |
| سبق 14 : اچھی رقم |
| باب سوم |
| ٹیکنالوجی |
| سبق 15: نمبروں میں طاقت |
| سبق 16: "تصدیق کریں، بھروسہ نہیں" پر عکاسی |
| سبق 17: وقت بتانا بھی کام ہے |
| سبق 18: چیزوں کو مت توڑیں اور آہستہ آہستہ آگے بڑھیں |
| سبق 19: رازداری ابھی ختم نہیں ہوئی |
| سبق 20: خفیہ کاری کا استعمال کرنے والے کوڈ لکھتے ہیں |
| سبق 21: بٹ کوائن کے مستقبل کے استعارات |
| نتائج |
| سیکھے گئے سبق |

## تعارف !

ایلس نے واضح کیا کہ " میں پاگل لوگوں کے درمیان نہیں جانا چاہتی "

کیٹ نے کہا "اوہ ! تم اس ضمن میں کچھ نہیں کر سکتی ، کیونکہ یہاں سب پاگل ہیں ، تم پاگل ہو ، میں پاگل ہوں "

ایلس نے پوچھا " تمہیں کیسے پتا چلا کہ میں پاگل ہوں ؟ "

کیٹ نے جواب دیا " اگر تم پاگل نہ ہوتی تو کبھی یہاں کا رخ نہ کرتی"

اکتوبر دو ہزار اٹھارہ میں ارجن بالاجی نے ایک سادہ سا سوال کرتے ہوئے پوچھا تھا کہ تم نے بٹ کوائن سے آخر سیکھا کیا ؟ ایک مختصر ٹوئٹ کے ذریعے اس سوال کا جواب دینے میں ناکام ہونے کے بعد مجھے احساس ہوا کہ میں نے ساری چیزیں جو سیکھی ہیں ان کو ایک مختصر سے ٹوئٹ میں قطعی طور پر بیان نہیں کیا جا سکتا۔

بے شک میں نے جتنی بھی چیزیں سیکھی ہیں وہ بٹ کوائن کے بارے میں ہی ہیں یا پھر ان کی کوئی نہ کوئی کڑی بٹ کوائن سے ضرور ملتی ہے جیسا کہ یہاں پر بٹ کوائن کے اندورنی فنکشنز کی وضاحت کی گئی ہے مگر یہ اسباق اس چیز کی وضاحت کرنے سے قاصر ہیں کہ بٹ کوائن آخر ہے کیا اور یہ کیسے کام کرتا ہے ؟ مگر یہ اسباق بٹ کوائن سے جڑے چند سوالات جیسے کہ معاشی پہلو ، فلسفیانہ مباحثے اور جدید ٹیکنالوجی کی اختراعات کی وضاحت کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

یہ اکیس اسباق اس طرح ترتیب دیئے گئے ہیں کہ اس کتاب کے کل تین باب ہیں اور ہر باب میں سات اسباق ہیں۔ ہر سبق میں بٹ کوائن کو ایک الگ نظریئے سے دکھایا گیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالا جاتا ہے کہ بٹ کوائن جیسے عجیب و غریب نیٹ ورک کو مختلف زاویوں سے پرکھ کر کیا سبق سیکھا جا سکتا ہے ؟

پہلے باب میں بٹ کوائن کی فلسفیانہ تعلیمات واضح کی گئی ہیں۔ اس میں جمود و تغیر کا باہمی تعامل ، کسی حقیقی قیمتی شے میں "کمی" کا تصور ، بٹ کوائن کا بے عیب ہونا ، شناخت ، نقل و مقامیت کے درمیان تناسب و تضادیت ، بولنے کی آزادی اور اس کے علم کی حدود شامل ہیں۔

دوسرے باب میں بٹ کوائن کی معاشی تعلیمات کو واضح کیا گیا ہے۔ قدر کی لاعلمی ، افراط زر ، افادیت ، رقم کی تاریخ ، فرکشنل بینکنگ اور اس سب کے علاوہ یہ کہ بٹ کوائن کس طرح ایک اچھی قیمتی قدر کے طور پر جانی جانے والی قیمتی شے بن کر تعارف کروا رہا ہے۔ یہ سب معلومات اس سبق میں شامل ہیں۔

تیسرے باب میں وہ حقائق بیان کیے گئے ہیں جو بٹ کوائن کی ٹیکنالوجی کے جائزے کے بعد اخذ کیے گئے ۔ نمبروں کی طاقت ، بھروسے کی عکاسی ، وقت صرف کرنے میں لگنے والی محنت ، اور چیزوں کو الجھنے سے بچانا اور ساتھ لیکر بھی چلنا ایک خوبی ہے نہ کہ کوئی خامی۔ بٹ کوائن کی ایجاد پرائیویسی کے بارے میں کیا بتاتی ہے ؟ سائپر پنکس قوانین کی بجائے کوڈ کیوں لکھے جاتے ہیں ؟ بٹ کوائن کے مستقبل میں جھانکنے کے لئے کون سے استعارے کارآمد ہو سکتے ہیں ؟

ہر سبق کے متن میں مختلف اقتسابات اور لنک موجود ہوتے ہیں۔ اگر کسی نظریئے کی مزید تفصیل دیکھنا چاہیں تو " looking through the glass " کے سیکشن میں جا کے دیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ زیادہ گہرائی کے مواد کی تلاش میں ہیں تو یہ آپکو " down the rabbit hole " والے حصے میں مل جائیں گے۔ یہ دونوں سیکشن ہر سبق کے آخر میں نظر آئیں گے۔

اگرچہ بٹ کوائن کے بارے میں پہلے سے موجود علم فائدہ مند ہے مگر مجھے اندازہ ہے کہ کوئی بھی متجسس قاری ان اسباق میں لکھے گئے حقائق کو باآسانی ہضم کر سکتا ہے کیونکہ یہ سب ایک دوسرے سے ہی جڑے ہوئے ہیں یہاں تک کہ انہیں انفرادی طور پر بھی اپنے آپ پر رہنا چاہیئے یعنی کہ ان کو انفرادی طور پر بھی آسانی سے پڑھا جا سکے اور ان کی سمجھ آجائے۔ میں نے پوری کوشش کی ہے کہ تکنیکی اصطلاحات نہ استعمال کی جائیں اور زبان کے استعمال کو سادہ رکھا جائے حالانکہ ڈومین کے لیئے کچھ الفاظ انتہائی ناگزیر بھی ہیں۔

مجھے امید ہے کہ میری تحریر قارئین کو کو سطحی سوچ رکھنے کی بجائے گہرائی تک دیکھنے میں مدد دے گی اور وہ ان سوالات کے جواب ضرور تلاشنا چاہیں گے جو بٹ کوائن کے سلسلے میں سامنے آتے ہیں ۔ مجھے یہ لکھنے کا حوصلہ بھی بہت سے مصنفین کو دیکھ کر آیا جن کا میں ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔

اور اب آخری بات ، میرا یہ تحریر لکھنے کا مقصد کسی قاری کو کسی چیز کا قائل کرنا نہیں بلکہ سوچنے پر مجبور کرنا ، حقائق کی کھوج لگانا اور بٹ کوائن کی ان گہرائیوں کو دیکھنا جو کہ اوپری سطح سے نہیں دیکھی جا سکتیں ۔ میں یہ بھی نہیں بتاؤں گا کہ بٹ کوائن کیا ہے اور آپ کو اس سے کیا سیکھنے کو ملے گا۔ اس سب کی کھوج آپ کو خود کرنی ہو گی۔

> "اس کے بعد پیچھے ہٹنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ اگر آپ نیلی گولی کا انتخاب
> کرتے ہیں – یہ کہانی کا اختتام ہے ۔ آپ ساری رات اپنے بستر میں جاگ کر گزارتے
> ہیں اور اس چیز پر یقین کرتے ہیں جس پر آپ یقین کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ سرخ

گولی کا انتخاب کرتے ہیں- تو آپ ایک جادوئی دنیا میں داخل ہو جاتے ہیں ، اور میں آپ کو دکھاؤں گا کہ خرگوش کا یہ بل کتنا گہرا ہے۔ " (مورفیئس )

# باب اول

## فلسفہ

"چوہے نے تجسس بھری آنکھوں سے اسے دیکھا اور اپنی چھوٹی چھوٹی گول آنکھوں میں
سے ایک آنکھ کو جھپکا مگر اسے کچھ کہا نہیں۔ "

ظاہری طور پر بٹ کوائن کو دیکھ کر کوئی بھی یہ نتیجہ اخذ کر سکتا ہے کہ یہ کوئی فضول، بے کار اور غیر ضروری پاگل پن کی کوئی چیز ہے۔ مگر بٹ کوائن کو جستجو کی نظر سے دیکھنے والا یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ ایسی چیز نہیں ہے جیسی کہ نظر آتی ہے۔ آپکے تمام تر مفروضوں کو آپ پر الٹنے کا بٹ کوائن کا اپنا ایک طریقہ ہے۔ آپ اپنے مفروضے کے ساتھ بالکل پرسکون ہونے والے ہوتے ہیں کہ بٹ کوائن کسی چائنہ کی دیوار کے ساتھ بیل کی طرح ٹکر مار کر آپکے ان مفروضوں کو پاش پاش کر دیتا ہے ۔

بٹ کوائن بہت سے ضوابط کی پیداوار ہے بالکل اسی طرح جس طرح بہت سے نابینا راہب مل کر ایک ہاتھی کا معائنہ کر رہے ہوں اور ہر کوئی اپنے محسوسات کے مطابق یہ بیان کرے کہ ہاتھی اصل میں دکھتا کیسا ہے ۔ بالکل اسی طرح مختلف لوگوں نے مختلف ادوار میں بٹ کوائن جیسی عظیم الخلقت ایجاد کو اپنے الگ الگ نظریوں سے دیکھا پرکھا اور بیان کیا۔

مندرجہ ذیل اسباق ان مفروضوں پر مشتمل ہیں جنہیں بٹ کوائن نے توڑا اور بعد میں ، میں جن نتائج پر پہنچا ان سب کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ پہلے چار اسباق میں ،عدم تغیر ، قلت ، مقامیت اور شناخت جیسے فلسفیانہ عوامل پر بحث کی گئی ہے ۔

1: جمود اور تبدیلی

2: قلت

3: نقل اور مقامیت

4: شناخت کا مسئلہ

5: ایک بے عیب تصور

6: آزادی اظہار کی طاقت

7: علم کی حدود

سبق نمبر پانچ یہ واضح کرتا ہے کہ کس طرح بٹ کوائن کی کہانی نہ صرف دلکش بلکہ ایک بغیر نقش کے بننے والے سسٹم کے لیئے ضروری ہے۔ اور اس سبق کے آخری دو باب آزادانہ تقریر اور ہمارے انفرادی علم کی حدود و قیود کا تعین کرتے ہیں ۔ یہ سب بٹ کوائن کے rabbit hole کی حیرت انگیز گہرائی کا عکس ہے۔

مجھے امید ہے کہ بٹ کوائن کی دنیا آپکے لیئے تعلیمی، تفریحی اور دلکش ثابت ہوگی۔ بالکل جیسے میں نے اسکو پایا اور آج تک اس سے مستفید ہوتا ہوں۔ اب میں آپکو دعوت دیتا ہوں کہ آپ اس سفید خرگوش کی پیروی کریں اور اس کے بل کی گہرائیوں سے لطف اندوز ہوں۔

اب وقت ہے کہ آپ وقت کی رفتار کے ساتھ ساتھ آگے بڑھیں اور اس بل کی گہرائیوں سے لطف اندوز ہوں۔

# سبق 1

## جمود اور تغیر (تبدیلی)

میں یہ سوچتا ہوں کہ کیا میں ایک ہی رات میں بدل گیا تھا ؟ مجھے یہ سوچنے دیں کہ کیا جب میں صبح اٹھا تو ویسے کا ویسے ہی تھا ؟ مجھے یوں لگتا ہے کہ میں نے کچھ تبدیلی محسوس کی تھی۔ اور اگر میں پہلے جیسا نہیں رہا تو یہ سوال اٹھتا ہے کہ آخر اس دنیا میں ، میں ہوں کون ؟ اور کیا ہوں ؟ یہ ایک بہت بڑی پہیلی ہے۔

فطری طور پر بٹ کوائن کو بیان کرنا بہت مشکل ہے - یہ ایک نئی چیز ہے اور پرانے تصورات سے موازنے کی کوئی بھی کوشش کافی نہیں ہو گی۔ چاہے آپ اسے پیسے کا انٹر نیٹ کہیں یا پھر ڈیجیٹل گولڈ کہہ دیں - آپ اپنی پسند کی کوئی بھی مشابہت دیں بٹ کوائن کے دو پہلو بہت اہم ہیں - "ایک تغیر اور دوسرا غیر مرکزیت۔"

خود کار سماجی معاہدہ بٹ کوائن کو سمجھنے کا ایک طریقہ ہے۔ سافٹ ویئر تو صرف پہیلی کا ایک ٹکڑا ہے اس لئے سافٹ ویئر کو بدل کر بٹ کوائن کو بدلنے کی امید کرنا بالکل فضول ہے۔ تبدیلی کی اس کوشش کے لیئے ضروری ہے کہ باقی تمام نیٹ ورکس کو اس تبدیلی کو قبول کرنے کے لیئے تیار کیا جائے یہ سافٹ وئیر انجینیئرنگ سے زیادہ ایک نفسیاتی کاوش ہو گی -

اس پوری دنیا میں بہت سی دوسری چیزوں کی طرح مندرجہ ذیل بیانات بھی مضحکہ خیز لگ سکتے ہیں۔ مگر یہ ایک گہرا سچ ہے کہ آپ بٹ کوائن کو نہیں بدل سکتے مگر بٹ کوائن آپ کو بدل سکتا ہے۔ مارٹی بینٹ کہتا ہے کہ ؛

" بٹ کوائن ہمیں اس کی نسبت زیادہ بدل سکتا ہے جتنا ہم بٹ کوائن کو بدل سکتے ہیں۔ "

اس کی گہرائی کو سمجھنا کافی مشکل ہے - اگر اس کے صرف ایک سافٹ ویئر ہونے کی وجہ سے اور اوپن سورس ہونے کی وجہ سے آپ کو لگتا ہے کہ آپ اس کو بدل سکتے ہیں تو آپ غلط ہیں اور اس میں حیرانی والی کوئی بات نہیں ہے کیونکہ جس نے بٹ کوائن کو بنایا ہے وہ ان چیزوں سے بخوبی واقف تھا۔

"بٹ کوائن اس طرح کی نوعیت کا ہے کہ ایک دفع اسکا 0.1 ورژن شائع ہوا اور ہمیشہ کے لیئے محفوظ ہو کر رہ گیا۔ " (ساتوشی ناکاموتو)

بہت سے لوگ جنہوں نے بٹ کوائن کو تبدیل کرنے کی کوشش کی وہ ناکام ہو چکے ہیں جبکہ فوریکس اور آلٹ کوائن کا ایک سمندر موجود ہے۔ پہلی نوڈ کے آن لائن ہونے کے بعد سے اب تک بٹ کوائن نیٹ ورک بالکل ویسے کا ویسا ہی کام کر رہا ہے۔

آلٹ کوائن کی طویل المدتی سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

مشکلیں پیدا کرنے والے اپنی موت آپ مر جائیں گے۔ بٹ کوائن اپنی ایسی اہمیت منوا چکا ہے کہ جب تک ریاضی اور فزکس کے اصولوں کی سمجھ بوجھ میں تبدیلی نہیں آتی بٹ کوائن کی ساکھ کو ذرا برابر بھی فرق نہیں پڑنے والا۔

"بٹ کوائن ایک نئی طرح کی زندگی کی پہلی مثال ہے۔ یہ بالکل زندہ چیزوں کی طرح انٹرنیٹ پر موجود ہے اور سانس لیتا ہے۔ یہ اب تک اس لیئے بھی زندہ ہے کہ یہ خود کو زندہ رکھنے کے لیئے لوگوں کو ادائیگی کر سکتا ہے۔ اسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا نہ ہی اس کے ساتھ بحث کی جا سکتی ہے ، اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کر کے اس کو خراب بھی نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے روکا جا سکتا ہے۔ اگر ایٹمی جنگ کی وجہ سے ہمارا سیارہ زمین آدھا تباہ بھی ہوجائے تو بھی بٹ کوائن بنا کسی نقصان کے اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ قائم رہے گا۔" (رالف مرکل)

بٹ کوائن نیٹ ورک کے دل کی دھڑکن ہم سب کی دھڑکن کو پچھاڑ کے رکھ دے گی۔ ان تمام چیزوں کی سمجھ بوجھ نے مجھے اتنا بدل کے رکھ دیا ہے کہ شاید ہی کسی پرانے بلاک چین نے اتنا مجھے بدلا ہوتا۔ بٹ کوائن کی سمجھ بوجھ نے میری ترجیحات ، میرے خیالات ، میری سیاسی سوچ اور بہت کچھ بدل کر رکھ دیا ہے۔ یہاں تک کہ معاشیات اور لوگوں کی خوراک بھی۔ یہ سب ایک پاگل پن معلوم ہوتا ہے مگر پھر بھی یہ سب اس دنیا میں وقوع پذیر ہو رہا ہے۔

"بٹ کوائن نے مجھے سکھایا ہے کہ جو تبدیل نہیں ہونے والا میں اسے کروں گا۔"

# سبق نمبر 2

## قلت کی کمی

"یہی کافی ہے ، مجھے لگتا ہے کہ میں اس سے زیادہ نہیں بڑھوں گا۔ "

عام طور پر ٹیکنالوجی میں بڑھوتری ، چیزوں کو وافر مقدار میں مہیا کرتی نظر آتی ہے۔ ماضی کی پر تعیش اشیاء سے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوتے نظر آتے ہیں ، جلد ہی ہم سب بادشاہوں والی زندگی گزار رہے ہونگے جبکہ ہم میں سے بہت سارے لوگ پہلے ہی ایسی زندگی گزار رہے ہیں۔ جیسا کہ پیٹر ڈائمنڈیس نے واضح کیا کہ "ٹیکنالوجی وسائل کو آزاد اور وسیع کرتی ہے اور یہ کسی بھی وقت کے لحاظ سے کسی بھی چیز کو وافر یا قلیل کر سکتی ہے۔ "

> "بٹ کوائن اس رجحان کو توڑتا ہے اور درحقیقت ایک ایسی چیز بن جاتا ہے جو محدود سپلائی کی حامل ہے - یہ کائنات کی سب سے نایاب چیزوں میں شامل ہے اور اس کی سپلائی کو بڑھایا نہیں جا سکتا چاہے کوئی لاکھ اپنی سی کوششیں کر لے - دو ہی چیزیں نایاب ہیں ایک وقت اور دوسرا بٹ کوائن -" (سیفیڈین اموس )

متضاد طور پر یہ عمل ، نقل کرنے کے ایک طریقہ کار کی وجہ سے وجود میں آتا ہے۔ بلاکس کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے اور تمام لین دین پبلک طور پر نشر کیے جاتے ہیں اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ ایک تقسیم شدہ جدول ہے۔ یہ تمام الفاظ صرف نقل کرنے کے عمل کے جدید اور فینسی ہم معنی الفاظ ہیں۔ یہ بٹ کوائن صارفین کو مکمل نوڈز چلانے اور نئے بلاکس کھوجنے کی ترغیب دے کر خود کو زیادہ سے زیادہ کمپیوٹرز پر کاپی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

نقل کرنے کے یہ تمام طریقے دراصل قلت پیدا کرنے کے مربوط نظام کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ کثرتوں کے اس وقت میں بٹ کوائن نے مجھے سکھایا کہ اصل قلت کیا چیز ہے۔

# سبق 3

## نقل اور مقامیت

"اس کے بعد ایک غصیلی آواز آتی ہے۔ پیٹ! پیٹ! تم کہاں ہو؟"

یہ خرگوش کی آواز تھی۔

اگر کوانٹم فزکس کو ایک طرف رکھ کر بات کی جائے تو اس طبعی دنیا میں مقامیات بہت غیر اہم مسئلہ ہے۔ اور پھر "X کہاں ہے؟" اس سوال کا باآسانی جواب دیا جا سکتا ہے۔ X بھلے ایک شے کا وجود ہو یا انسان کا، ڈیجیٹل دنیا میں پہلے ہی یہ ایک مشکل سوال ہے مگر اس کا جواب کبھی ناممکن بھی نہیں رہا۔ اگر آپ سے یہ پوچھا جائے کہ آپ کے ای میلز کہاں ہیں تو ایک بے ڈھنگا جواب سا آئے گا کہ "کلاؤڈ" میں، جو کہ کسی اور کا کمپیوٹر ہوگا۔ مگر پھر بھی آپ ای میلز رکھنے والی سٹوریج ڈیوائس کا پتا لگانا چاہتے ہیں تو آپ یہ کر سکتے ہیں۔

بٹ کوائن کے معاملے میں کہاں کا سوال واقعی مشکل ہے کہ آپکے بٹ کوائن کہاں ہیں؟

"میں نے آنکھیں کھولنے کے بعد ادھر ادھر دیکھا اور روایتی ناگزیر، افسوس ناک طور پر
عامیانہ انداز میں پوسٹ آپریٹو سوال پوچھا کہ میں کہاں ہوں؟"

(ڈینیئل ڈینیئیٹ)

مسئلہ دو طرفہ ہے، مکمل تقسیم شدہ جدول کو ہر جگہ کاپی کیا جاتا ہے۔ یعنی کہ یہ جدول ہر جگہ موجود ہے اور دوسری طرف یہ بات بھی کہ بٹ کوائن کا کوئی ظاہری وجود ہی نہیں ہے نہ صرف جسمانی طور پر بلکہ تکنیکی طور پر بھی یہ کوئی وجود نہیں رکھتا۔

بٹ کوائن غیر خرچ شدہ آؤٹ پٹس کے لین دین کا ٹریک رکھتا ہے۔ اور یہ کسی ایسی جگہ یا چیز سے رجوع نہیں کرتا جو بٹ کوائن کی نمائندگی کرتی ہو۔ بٹ کوائن کے وجود کا تصور غیر خرچ شدہ یونٹس کے لین دین کے اندراج سے بٹ کوائن کا نام دے کر لگایا جاتا ہے۔ اور ہر بٹ کوائن سو بلین بنیادی یونٹس سے مل کر بنتا ہے۔

"یہ کہاں موجود ہیں؟ شاید ٹرانزٹس میں؟ لیکن نہیں۔ کوئی بٹ کوائنز موجود ہی
نہیں ہیں۔ یہ کوئی وجود ہی نہیں رکھتے۔ اندراج کیے گئے جدول کے جدول موجود ہیں
جن کو جاری کیا گیا ہے مگر ان کا کوئی وجود نہیں ہے۔ بنیادی طور پر یہ جدول ہر جگہ

موجود ہیں مگر ان کی کوئی جغرافیائی حیثیت نہیں ہے۔ یہ یہاں پر کبھی بھی آپ کو
اپنی پالیسی کا پتا نہیں چلنے دے گا۔ "
(پیٹر وان والکن برگ )

تو جب آپ کہتے ہیں کہ آپکے پاس ایک بٹ کوائن ہے ، اور یہ کوئی وجود بھی نہیں رکھتا تو پھر آپکی ملکیت میں کیا رہ جاتا ہے ؟ یاد کریں وہ تمام الفاظ جو آپ کے استعمال شدہ والٹ کی وجہ سے استعمال کرنے پر مجبور کیے جائیں۔ پتا چلتا ہے کہ یہ صرف جادوئی الفاظ ہیں جن کی ملکیت آپ رکھتے ہیں۔ ایک ایسا جادوئی منتر جس سے آپ پبلک جدول میں کچھ انٹریاں شامل کرتے ہیں۔ بٹ کوائن کو منتقل کرنے کی چابیاں ۔ یہی وجہ ہے کہ تمام مقاصد کے لیئے آپکی خفیہ keys ہی آپکے بٹ کوائن ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ میں صرف باتیں بنا رہا ہوں تو آپ اپنی خفیہ keys بلا جھجھک مجھے بھیج سکتے ہیں۔

بٹ کوائن نے مجھے یہ سکھایا ہے کہ یہ ایک مشکل کاروبار ہے۔

# سبق 4

## شناخت کا مسئلہ

کیٹر پلر نے کہا " تم کون ہو ؟"

اسی طرح کے ایک سوال پر، نیک کارٹر نے تھامس نیگل کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ایک بہترین تحریر لکھی جس میں درج ذیل بحث کی گئی ہے۔ بٹ کوائن بنتا کیسے ہے ؟ وہ بھرپور طریقے سے اس کی وضاحت کرتا ہے کہ کھلے عام بلاکس، خاص طور پر بٹ کوائن شپ آف تھیسس کے طریقے پر کام کرتا ہے۔ اور یہ بھی اسی کی طرح کی پریشانی کا سامنا کر رہا ہے کہ کونسا بٹ کوائن اصلی ہے اور کونسا نقلی ہے ؟

> "غور کرنے پر پتا چلتا ہے کہ بٹ کوائن کے نیٹ ورک میں بہت کم استقامت ہے۔ پورے کوڈ base پر کام کر کے اس کو تبدیل کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ یہ اپنے اصل سے بہت کم مشابہت رکھتا ہے۔ اس کی ملکیت ، رجسٹری ، خودکار جدول یہ سب اس نیٹ ورک کی اصل خصوصیات ہیں۔ صحیح معنوں میں بے لگام ثابت کیے جانے کے لیئے آپ کو کسی ایسی حیثیت رکھنے کا ثبوت دینا پڑے گا جو اس سلسلے کو برقرار رکھ سکے۔ " (نک کارٹر)

ایسا لگتا ہے کہ ٹیکنالوجی کی ترقی ہمیں ان تمام فلسفیانہ سوالات کے ساتھ سنجیدہ برتاؤ کرنے کا حوصلہ دیتی ہے۔ جلد یا بدیر آٹومیٹک کاروں کے مالکان کو ٹرالی کے مسائل سے دو چار ہونا پڑے گا۔ جس سے وہ یہ اخلاقی فیصلے کریں گے کہ کس کی زندگی اہم ہے اور کس کی غیر اہم ۔

کرپٹو کرنسی خاص طور پر پہلی ہارڈ فورکس کے بعد اس کی شناخت کو کھوجنے پر مجبور کرتی ہے۔ اب تک کی دو بڑی مثالوں سے دو جوابات سامنے آئے ہیں۔ 1 اگست 2017 کو بٹ کوائن دو کیمپوں میں تقسیم ہو گیا ۔ مارکیٹ نے طے کیا کہ غیر تبدیل شدہ سلسلہ اصل بٹ کوائن ہے۔ 2016 میں ایتھیریم جب دو کیمپوں میں تقسیم ہوا تو مارکیٹ نے فیصلہ کیا کہ تقسیم شدہ سلسلہ اصل ایتھیریم ہے ۔

اگر مناسب طریقے سے غیر مرکزیت کی جائے تو شپ آف تھیسس کے سوالوں کا جواب تب تک دینا پڑے گا جب تک منتقلی کے میڈیم کے طور پر یہ نیٹ ورک موجود رہتے ہیں۔

بٹ کوائن نے مجھے یہ سیکھایا ہے کہ غیر مرکزیت ، شناخت سے متصادم ہے۔

# سبق 5

## ایک بے عیب تصور

"سپاہیوں نے چیخ کر جواب دیا" ان کے سر اتر چکے ہیں "

ہر کوئی ایک اچھی اور حقیقی کہانی سے لگاؤ رکھتا ہے۔ بٹ کوائن کی کہانی انتہائی دلچسپ ہے اور اس کے حقائق اتنے ہی اہمیت کے حامل ہیں جتنے کوئی بھی شخص پہلی فرصت میں سوچ سکتا ہے۔ ساتوشی ناکامو تو کون تھا ؟ کیا تھا ؟ وہ ایک فرد تھا یا افراد کا گروہ ؟ یا پھر تھی؟ وہ وقت میں سفر کرتا کوئی ایلین تھا یا پھر ایڈوانس آرٹیفشل انٹیلیجنس ؟ غیر ملکی نظریات کو ایک طرف کرتے ہوئے ، ہم شائد یہ کبھی بھی نہ جان پائیں ، مگر یہ ضروری بھی ہے۔

ساتوشی نے گمنام رہنے کا انتخاب کرتے ہوئے بٹ کوائن کا بیج بو دیا۔ وہ اس فکر میں مبتلا رہا کہ یہ نیٹ ورک کہیں آغاز میں ہی نہ مر جائے اور پھر وہ خود غائب ہوگیا۔ غیر مرکزی نیٹ ورک کے لئے اہم ہے کہ اسے گمنامی کی صورت میں دیکھا جائے ۔ اصل میں اس پر کوئی کنٹرول نہیں۔ کوئی مرکزیت نہیں، اس کا کوئی موجد نہیں ہے ۔ اس پر مقدمہ چلانے تشدد کرنے یا بھتہ وصول کرنے کے لیئے بھی کوئی نہیں ہے اس لیئے اسے ٹیکنالوجی کا ایک بے عیب تصور جانا جاتا ہے۔

"ساتوشی نے جو بڑا کارنامہ کیا وہ ایک وقت میں گمنام ہوگیا تھا۔ "

(جمی سانگ )

بٹ کوائن کی شروعات سے سے لیکر اب تک ہزاروں کرپٹو کرنسیاں وجود میں آ چکی ہیں ۔ ان نقالوں میں سے کوئی بھی اپنی اصل کہانی کو بیان نہیں کرتا ۔ اگر بٹ کوائن کو ختم کرنا ہے تو خیالات کی جنگ میں اس کی اصل کہانی سے آگے نکلنا ہوگا۔ بیانیے ہی بقاء کا آغاز فراہم کرتے ہیں۔

"سب سے پہلے سونا زیورات کے لیئے استعمال ہوتا تھا ۔ پھر سات ہزار سال پہلے اسے
بارٹر سسٹم میں متعارف کرایا گیا۔ سونے کی خیرہ کر دینے والی چمک نے اسے دیوتاؤں
کی طرف سے بھیجا گیا تحفہ بنا دیا۔ "

سونا : ایک بہت ہی غیر معمولی دھات

# باب دوم

## معاشیات

باغ کے داخلی دروازے کے قریب گلاب کے پھولوں کا ایک پودا لگا ہوا تھا جس پر سفید گلاب کھلے ہوئے تھے اور تین مالی ان سفید پھولوں کو سرخ رنگ کرنے میں مصروف تھے۔ ایلس نے ایک بہت دلچسپ بات سوچی۔

پیسہ درختوں پر نہیں اگتا اور اگر کوئی کہتا ہے کہ اگتا ہے تو سراسر بیوقوفی ہے۔ ہمارے ماں باپ ہمیں اس بات کا یقین دلانے کے لیئے اس فقرے کو دن رات کسی منتر کی طرح دہراتے نظر آتے ہیں تا کہ ہم اس پر یقین کو پختہ کرلیں۔ وہ ہماری حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ہم پیسے کو فضول کاموں کی بجائے سمجھداری سے خرچ کریں اور اپنے اچھے وقتوں کے دوران ، بعد میں آنے والے برے وقتوں کے لیئے پیسہ بچانا شروع کردیں۔ کیونکہ پیسہ درختوں پر تو لگتا نہیں ہے۔

بٹ کوائن نے مجھے پیسے کے بارے میں اس سے زیادہ معلومات فراہم کی جتنی کہ میں سمجھتا تھا بس کافی ہیں ۔

بٹ کوائن کے ذریعے، میں پیسے کی تاریخ ، بینکنگ ، اقتصادی مکتبہ فکر کے عناصر اور بہت سے دوسری چیزوں کے بارے میں جاننے لگا ہوں۔

بٹ کوائن کو سمجھنے کی لگن نے مجھے بہت سے راستے دکھائے ہیں جن میں سے کچھ کو میں اب جاننے اور مزید کھوجنے لگا ہوں۔

پہلے سات اسباق میں فلسفیانہ سوالات پر بحث کی گئی اب لگلے سات ابواب میں رقم اور معاشیات پر روشنی ڈالی جائے گی۔

سبق 8 : مالی لاعلمی

سبق 9 : افراط زر

سبق 10 : قدر

سبق 11 : پیسہ

سبق 12 : پیسے کی تاریخ اور زوال

سبق 13 : فریکشنل ریزرو کا پاگل پن

سبق 14 : اچھی رقم

ایک دفعہ پھر میں صرف سطحی معلومات کو حاصل کرنے کے قابل ہوں گا۔ بٹ کوائن نہ صرف بلند حوصلہ ہے بلکہ اس کا دائرہ کار وسیع اور گہرا بھی ہے۔ اس سے متعلق معلومات کو ایک مضمون یا کتاب کا حصہ بنانا ممکن نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ ذرا سا بھی ممکن نہیں ہے۔

بٹ کوائن پیسے کی ایک نئی شکل ہے جسے سمجھنے کے لئے معاشیات کا علم ہونا ضروری ہے۔ انسانی عمل کی نوعیت اور معاشیات کے ساتھ برتاؤ کے عناصر سے نمٹنے کے لئے معاشیات ہی بٹ کوائن نام کی پہیلی کا سب سے بڑا اور مبہم ٹکڑا ہے۔

ایک بار پھر میں یہی کہوں گا کہ یہ تمام اسباق ان مختلف چیزوں کی کھوج کا حصہ ہیں جو میں نے بٹ کوائن کی جستجو سے سیکھی ہیں۔ وہ چیزیں اس rabbit hole کی گہرائی تک میرے ذاتی سفر کا مشاہدہ ہیں۔ معاشیات کے پس منظر کا کوئی علم نہ ہونے کی وجہ سے میں پرسکون تو بہرحال نہیں ہوں اور اس بات سے خاص طور پر آگاہ ہوں کہ میرا علم بھی کوئی اتنا مکمل نہیں ہے۔

میں نے جو کچھ سیکھا میں اس کا مکمل عکس پیش کرنے کی کوشش کروں گا حتی کہ اپنے آپ کو بیوقوف بنانے کا خطرہ بھی مول لے سکتا ہوں۔ اس سب کے بعد بھی میں ابھی تک اس سوال کا جواب دینے کی کوشش کر رہا ہوں کہ "آپ نے بٹ کوائن سے کیا سیکھا ؟"

سات اسباق کو فلسفے کی نظر سے دیکھنے کے بعد آیئے اب اگلے سات اسباق کو معاشیات کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ میں آخر میں اکانومی کلاس ہی پیش کر سکتا ہوں۔

آخری منزل : اچھی رقم

# سبق 8

## مالی لاعلمی

اور وہ کتنی جاہل لڑکی ہے جو میرے متعلق پوچھنے پر سوچے گی۔ نہیں ! میں کبھی نہیں پوچھنے دوں گا۔ بلکہ شاید میں اس کو کبھی لکھا ہوا دیکھوں۔

میرے لیے سب سے حیران کن بات یہ ہے کہ ایک تکنیکی کمپیوٹر کے نظام کو سمجھنے کے لیئے معاشیات ، مالیات اور نفسیات کی کتنی مقدار درکار ہوگی ۔ بالوں سے اٹے چھوٹے پیروں والے شخص کے لیئے :

"بٹ کوائن میں قدم رکھنا ایک خطرناک کاروبار ہو سکتا ہے ، فروڈو! آپکو وائٹ پیپر پڑھنا ہوتا ہے اور اگر آپ اپنے پاؤں جما کر نہیں رکھتے تو یہ پتا نہیں آپ کو کہاں سے کہاں لے جائے۔ اگر آپ نئے مالیاتی نظام کو سمجھنا چاہتے ہیں تو آپ کو پہلے پرانے مالیاتی نظام کی سمجھ بوجھ ہونا ضروری ہے ۔ مجھے بہت جلد اندازہ ہوگیا کہ تعلیمی نظام میں پڑھائے جانے والے نظام میں مالیاتی نظام کی تعلیم بالکل بھی شامل نہیں تھی۔

کسی پانچ سالہ بچے کی طرح میں نے خود سے بہت سارے سوالات کرنا شروع کر دیئے ۔ جیسے کہ بینکنگ کیا ہے اور یہ کیسے کام کرتا ہے ، مارکیٹ سسٹم کیا ہے یہ باقاعدہ پیسہ اور فیاٹ کرنسی کیا ہے اور یہ کیسے کام کرتے ہیں ۔ معیشت پر اتنا قرضہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ اب تک ٹوٹل رقم کتنی چھپ چکی ہے اور اس سب کو کون کنٹرول کرتا ہے ؟

اپنی لاعلمی پر تھوڑی دیر گھبرانے کے بعد میں نے آخر خود کو تسلی دی کہ کوئی بات نہیں اب میں اچھی صحبت میں موجود ہوں۔

" یہ بہت ہی زیادہ مضحکہ خیز ہے کہ بٹ کوائن نے مجھے مالیات کے بارے میں سب سے زیادہ پیسے کے بارے میں علم دیا حالانکہ میں نے اپنی زندگی کے زیادہ تر سال مالیاتی اداروں کیساتھ کام کرنے میں گزارے ہیں۔ اور اس سب میں ایک مرکزی بنک کے لیئے کام کرنا بھی شامل تھا۔ " (ایرون ٹیک )

میں نے کالج میں تین سال کے عرصے کے مقابلے میں کرپٹو کے آخری تین مہینوں کے اندر ، نفسیات ، سیاست ،معیشت ، ٹیکنالوجی ، خفیہ نگاری ، گیم تھیوری ، قانون سازی اور سب سے بڑھ کر اپنے بارے میں بہت زیادہ سیکھا ہے۔

ٹوئٹر پر ہونے والے انکشافات میں سے دو اہم ترین بیانات یہ ہیں کہ بٹ کوائن ایک جاندار چیز ہے اور معیشت بھی۔ ان کو سمجھنا مشکل اس لیئے بھی ہے کہ جاندار چیزوں کا سمجھنا بہت مشکل ہے ۔

"ایک سائنسی نظام ، علم کی لا متناہی ترقی میں صرف ایک اسٹیشن کا کام کرتا ہے ۔ اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ موجودہ معاشیات پسماندہ رہ گئی ہے بلکہ اس کا یہ مطلب ہے کہ معیشت ایک جاندار چیز ہے اور جاندار ہونے کا مطلب نامکمل اور تبدیلی دونوں ہے۔ " (لڈوگ وون میس)

سب سے زیادہ مختلف قسم کی خبریں جو ہم پڑھتے ہیں وہ معاشیات کے بارے میں ہوتی ہیں کہ اتنے بڑے بڑے بیل آؤٹس کو کیسے سنبھالا جاتا ہے ۔ حیران کن طور پر حقیقت یہ ہے کہ بڑے بڑے نقصانات کے لئے بھی کسی کوجوابدہ نہیں ہونا پڑتا۔ حیرانگی تو اس کام میں واضح ہے مگر مجھے ایک جھلک نظر آنے لگ گئی ہے کہ فنانس کی دنیا میں کیا ہوتا ہے ؟

کچھ لوگ معاشیات کے بارے میں عام سی لاعلمی کو بھی سوچی سمجھی جہالت قرار دیتے ہیں۔ اگرچہ ریاضی فزکس اور دوسری چیزیں ہماری تعلیم کا حصہ ہیں مگر معاشیات کو صرف سطحی لحاظ سے دیکھا جاتا ہے۔ میں اکثر سوچتا ہوں کہ اگر لوگوں کو معاشیات اور پیسے کے بارے میں تعلیم دی جائے تو کیا پھر بھی وہ اتنا قرض لینے پر راضی ہوجائیں گے جتنا اب وہ حاصل کرتے ہیں؟

میں ویسے سوچ رہا تھا کہ ٹن فوئل کی کتنی پرتیں ایک ٹوپی بنانے کا کام کرتی ہیں ؟ شاید تین پرتیں۔

"نقصانات اور بیل آؤٹس حادثہ نہیں ، بلکہ حادثہ یہ ہے کہ جس طرح آزادی سے پہلے غلاموں کو تعلیم دینا غیر قانونی تھا اسی طرح سکولوں میں پیسے کی تعلیم نہیں دی جاتی۔

"

(رابرٹ کیوساکی)

The wizard of OZکی طرح کہا جاتا ہے کہ پردے کے پیچھے کون کھڑا ہے اس پر دھیان نہ دیا جائے۔ اس کے بر عکس ہمارے پاس بٹ کوائن کی شکل میں ایک اصل جادوگرنی ہے جو سنسرشپ سے مزاحم ہے ، قدر کی منتقلی کا ایک بلا سرحد نیٹ ورک ہے جس میں پردے کے پیچھے کی بجائے آنکھوں کے سامنے جادوگر موجود ہے۔

بٹ کوائن نے مجھے پردے کے پیچھے دیکھنا سکھایا اور میں معاشی جہالت کو دور کرنے کے قابل ہوا۔

# سبق نمبر 9

## افراط زر

پیارے ! یہاں اپنی جگہ ٹکنے کے لیئے تیز دوڑنا ہوگا اور اگر آپ کسی مقام پر پہنچنا چاہتے ہیں تو اور تیز دوڑنا ہوگا۔

معاشیات میں میرے منصوبے کا آغاز معیشت کو سمجھنا ، افراط زر کو پڑھنا اور بٹ کوائن جیسے غیر مہنگائی کے طریقے کو رائج کرنے کا سوچنا تھا۔ مجھے صرف یہ معلوم تھا کہ افراط زر نیا پیسہ جاری کرنے کی شرح سے منسلک ہے مگر میں اس بارے میں زیادہ نہیں جانتا تھا۔ کچھ معیشت دان افراط زر کو اچھی چیز سمجھتے ہیں جبکہ دوسرے اس کو کسی مشکل سے تشبیہ دیتے ہیں۔ بالکل ایسے ہی جیسا کہ سونے کے دنوں میں تھا۔ اور بٹ کوائن کے کیمپ میں بھی ایسے ہی ہے کیونکہ اسکی سپلائی صرف اکیس ملین رکھی گئی ہے۔ Economics in One Lesson میں ہنری ہیزلٹ کہتا ہے کہ معاشیات کا فن ہمیں کسی بھی چیز کے نا صرف وقتی اثرات، بلکہ طویل مدتی اثرات کو پرکھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ یہ کسی خاص گروہ کے لیئے نہیں ہے بلکہ اس کا اطلاق تمام گروہوں پر ہوتا ہے۔

> "افراط زر فوری طور پر ظاہر نہیں ہوتا بلکہ اکثر افراط زر کی شرح اور وجوہات کے درمیان سالوں کا فرق موجود ہوتا ہے۔ جبکہ افراط زر لوگوں کے کچھ گروہوں کو زیادہ متاثر کرتا ہے۔"

میرے ذاتی خیال میں نوٹ جاری کرنا باقی تمام اقتصادی سرگرمیوں سے زیادہ اہم سرگرمی ہے۔ جبکہ حقیقی اشیاء اور حقیقی خدمات ، حقیقی لوگوں کے لیئے حقیقی قدر پیدا کرتی ہیں جبکہ پیسے کا معاملہ اس سے الٹ ہے۔ یہ افراط شدہ کرنسی کی حقیقی قدر چھین لیتا ہے۔

> "صرف مہنگائی ، زیادہ اجرت اور قیمتوں کے بدلے صرف نوٹوں کا اجراء کرنا زیادہ مانگ پیدا کرنے کی کوشش لگ سکتا ہے مگر حقیقی اشیاء کے تبادلے کے بدلے ایسا نہیں ہے۔"
>
> (ہنری ہیزلٹ)

جب تھوڑی سی مہنگائی ایک بڑی قوت میں تبدیل ہوتی ہے تو اس کی تباہ کاریاں نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ چیزیں خرابی کی طرف بڑھنا شروع ہوجاتی ہیں۔ قیمتوں کے بڑھنے سے قدر کا ذخیرہ کم رہ جاتا ہے اور کرنسی ٹوٹ جاتی ہے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ لوگ کسی بھی چیز کی خریداری کے لئے جلدی سے ہاتھ بڑھائیں ۔

ہائپر انفلیشن یا افراط زر کی شرح زیادہ ہونے سے یہ ہوگا کہ لوگوں کی زندگی بھر کی بچتیں لمحوں میں ضائع ہوجائیں گی۔ آپ کی جیب میں پیسے تو ہوں گے مگر ان کی قدر صرف ایک کاغذ جتنی ہی رہ جائے گی۔

ہلکی افراط زر کے ساتھ بھی لوگوں کی قوت خرید میں کمی آتی ہے۔ کیونکہ افراط زر نے پیسے کی قدر میں کمی ہو گئی ہوتی ہے لوگ شاید اسے اتنا محسوس نہ کرتے ہوں مگر جب افراط زر بڑھنے لگتا ہے تو یہ پرنٹنگ پریس کے ایک بٹن دبانے کی مار نکلتی ہے۔ فریڈرک ہائیک نے اپنے ایک مضمون میں لکھا کہ ہلکی پھلکی افراط زر ہی ایک بڑے پیمانے کی افراط زر کو دعوت دیتی ہے۔

افراط زر صرف ان لوگوں کے حق میں ہے جو پرنٹنگ پریس کے پاس ہیں کیونکہ پیسے کو سرکولیشن کرنے کے لیے ایک وقت درکار ہوتا ہے۔اگر آپ مہنگائی کے منحنی خطوط سے آگے ہیں تو آپ کو پیسے کی قدر میں کمی پہلے سے ہی محسوس ہونے لگ جائے گی۔ اس کی مثال ایسے ٹیکسوں کی طرح ہے جن سے صرف حکومتیں فائدہ اٹھاتی ہیں جبکہ عوام اس کی قیمت ادا کرتی ہے ۔

فریڈرک ہائیک کہتا ہے کہ

> "معاشیات کی تاریخ صرف اور صرف مہنگائی کی تاریخ ہے ۔ یہ صرف وہ قصے ہیں جن میں حکومتوں نے ٹیکس لگائے اور عوام نے اس کی قیمت ادا کی۔ یعنی کہ سراسر افراط زر ۔"

اب تک حکومت کے زیر کنٹرول تمام کرنسیاں یا تبدیل ہو چکی ہیں یا پھر ان کی قدر گر چکی ہے۔ اس سے فرق نہیں پڑتا کہ افراط زر کا تناسب کتنا ہے اس میں تھوڑا سا اضافہ بھی تیزی کا باعث بنتا ہے پھر یا تو اسے مستحکم سطح پر لانا ہوگا یا ایک تباہ کن مستقبل آپ کا منتظر ہے ۔

آپ شاید یہ سوچ رہے ہوں گے کہ یہ آپ کے ملک میں نہیں ہو سکتا۔ لیکن وینزویلا کے شہری یہ سوچ سکتے ہیں کیونکہ وہاں (ایک ملین فیصد سے زیادہ ) افراط زر کی شرح اتنی زیادہ ہے کہ وہاں کا پیسہ تقریبا بیکار ہو چکا ہے ۔ ہم یہ سوچتے ہیں کہ اگلے چند سالوں تک بھی ہمارے ملک میں ایسا نہیں ہو سکتا لیکن اگر تاریخ پر نظر دوڑائی جائے تو نظر آتا ہے کہ یہ تقریبا تمام پرانی کرنسیوں کے ساتھ ہو چکا ہے ۔ جیسے کہ آسٹریلیا کے شلنگ ، جرمن مارک ، اطالوی لیرا اور آئرش پاؤنڈ اور کروشین دینار وغیرہ۔ جیسے جیسے وقت گزرتا ہے تقریبا پرانی کرنسیاں معدوم ہوتی جاتی ہیں اور انہیں وقت کی کرنسیوں کی بجائے ماضی کی تاریخی کرنسیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

سٹیفن اموس کہتا ہے کہ" حکومت لامحدود رقم کی فراہمی کے لالچ کا شکار ہو جائیں گی"

بٹ کوائن ان سب چیزوں سے مختلف اس لیئے بھی ہے کہ حکومتی کرنسیاں ایسی چیز ہیں جن کو حکومتیں سپورٹ کرتی ہیں ، ان کے برعکس ایسی چیزیں جو فزکس کے قانون کے مطابق بالکل قانونی ہیں اور وہ بہت دیر تک اپنی دھاک بٹھائے رکھتی ہیں اور قائم و دائم

رہتی ہیں۔ گولڈ ٹو ڈیسنٹ ریشو کا نام دیا جانے والا سونا اسکی مثال ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ یہ مکمل طور پر مستحکم نہ ہو مگر یہ ہزاروں سالوں سے اپنی قدر و قیمت بنائے ہوئے ہے۔ اس کی طلب بالکل اسی ترتیب میں پائی جائے گی۔

اگر کوئی مالیاتی قدر ، وقت اور جگہ کے حساب سے لمبے عرصے تک اپنی قیمت برقرار رکھتی ہے تو اسے بہت مشکل سمجھا جا سکتا ہے۔ کیونکہ یہ چیزیں آسانی سے بگڑ سکتی ہیں۔ اور اسے نرم کرنسی کا نام دیا جاتا ہے۔ بٹ کوائن کو سمجھنے کے لئے سخت کرنسی کا نظریہ سمجھنا ہوگا۔ جس پر بحث آخری حصے میں کی گئی ہے ۔

(: اچھی رقم والے آخری حصے میں )

زیادہ سے زیادہ ممالک افراط زر کا شکار ہو رہے ہیں اور زیادہ سے زیادہ ممالک کی کرنسیاں گر رہی ہیں اگر ہم خوش قسمت ممالک میں سے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ ہمارے بینک اپنی پالیسی تبدیل کرنے کا سوچیں ۔ میں نے بٹ کوائن کی بدولت جو علوم حاصل کیے ہیں ۔ بٹ کوائن کے ذریعے میں نے نمایاں طور پر معیشت میں موجود پوشیدہ ٹیکس اور افراط زر کی تباہ کاریوں کے بارے میں پڑھا ہے۔

# سبق 10

## قدر

ایک سفید خرگوش آہستہ آہستہ گھوم رہا تھا اور واپس آتے ہوئے یوں دیکھ رہا تھا جیسے کہ اس نے کچھ کھو دیا ہو۔

قدر ایک متضاد چیز ہے جو ہمیں یہ سمجھاتی ہے کہ ہم بعض چیزوں کو دوسری چیزوں پر کیوں فوقیت دیتے ہیں ؟ افلاطون ایک مکالمے میں کہتا ہے کہ ہم کچھ چیزوں کو صرف اس لیئے فوقیت دیتے ہیں کیونکہ وہ نایاب ہیں حالانکہ وہ ہماری بقاء کی بنیادی ضروریات میں سے ایک نہیں ہے۔

افلاطون یہ بھی کہتا ہے کہ اگر آپ سمجھ دار ہیں تو آپ اس چیز کی آگاہی اپنے شاگردوں کو بھی دیں گے کہ وہ آپ کے ساتھ اور آپس میں بات کرنے کے علاوہ کسی سے بات نہیں کریں گے۔ یوتھڈیمس قیمتی ہے کیونکہ وہ نایاب ہے اور پانی حالانکہ بہتر ہے مگر بہتات کی وجہ سے سستا ہے۔

قدر کا یہ تضاد انسانوں کے لیئے بہت دلچسپ ہے لوگ چیزوں میں موضوعی بنیاد پر دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں ۔ کسی نایاب شے کو قیمتی تصور کیا جاتا ہے جبکہ ایسی چیز جو قدرتی طور پر پائی جاتی ہو یا جس کی نقل آسانی سے ممکن ہو سکے اسے غیر قیمتی چیز کا درجہ دے دیا جاتا ہے۔

ہم کسی چیز کی قدر تب کرتے ہیں جب کہ وہ قدرتی طور پر کم ہو یا پھر اس کا نیا یونٹ بنانے پر زیادہ محنت لگے یا پھر نیا یونٹ بنانا ہی ناممکن ہو جیسے کہ سونا اور ہیرے وغیرہ۔

کچھ چیزیں ہمیں ایسے انداز میں فائدہ پہنچاتی ہیں کہ یہ کسی دوسرے انداز سے نہیں پہنچا سکتی جیسے کہ ہمارے کسی پیارے کی تصویر یا پھر کسی آرٹسٹ کا آرٹ۔

بٹ کوائن میں اوپر لکھی گئی تمام تر خصوصیات موجود ہیں۔ یہ نیا بھی ہے اور اس کو دوبارہ پیدا کرنا بھی مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ یہ پیسے کے منتقلی کا آسان ذریعہ ہے ۔ یہ سنسرشپ کے خلاف مزاحم ہے ۔ بٹ کوائن قدر کا ایک آزاد اور خودمختار ذخیرہ ہے ۔ یہ لوگوں کو حکومتی دخل اندازی کے بغیر اپنی دولت جمع کرنے کی اجازت دیتا ہے ۔

بٹ کوائن نے سکھایا کہ قدر موضوعاتی ضرور ہے مگر من مانی نہیں۔

# سبق 11

## پیسہ

بابا نے اپنے سرمئی بال گھماتے ہوئے بتایا کہ میری جوانی میں ، میں نے اپنے
اعضاء کو بڑے کومل انداز سے رکھا ہے۔
ہر باکس کو پانچ شلنگ کی قیمت کے لحاظ سے کیا میں آپکو دو باکس فروخت کردوں ؟

ہم پیسے کو روز مرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں لیکن پھر بھی اگر پوچھا جائے کہ یہ پیسہ کیا ہے ؟ تو اس سوال کا جواب دینا مشکل ہو جاتا ہے۔ چھوٹے بڑے سب لوگ اس پر انحصار کرتے ہیں اگر یہ کم ہو جائے تو ہم پریشان ہو جاتے ہیں ، مگر پھر بھی کبھی اس کے بارے میں سوچا نہیں کہ یہ ہے کیا ؟ بٹ کواین نے مجھے بار بار اس سوال کا جواب کھوجنے پر مجبور کیا ہے کہ آخر پیسہ کیا ہے ؟

ہماری دنیا میں لوگ جب پیسے کا نام لیں گے تو شاید کاغذ کے ٹکڑوں کے بارے میں سوچیں گے۔ پیسہ پہلے ہی بینک میں موجود ایک نمبر ہے اور ہم پیسے کے نام پر صرف کچھ اعداد اور صفروں کو استعمال کر رہے ہیں۔ بٹ کوائن اس سب سے مختلف کیوں ہے ؟ یہ پیسے کی سب سے مختلف قسم ہے ۔ اس کو سمجھنے کے لیئے ہمیں یہ پتا کرنا ہوگا کہ پیسہ کیا ہے اور کہاں سے آیا اور اتنے پرانے زمانے میں کیوں سونا اور چاندی پیسے کے طور پر استعمال ہوتا رہا ؟

"اس لحاظ سے یہ زیادہ عام ہے اس کی سپلائی کو کنٹرول کرنے کے لیئے کم کرنے
کی بجائے پہلے سے طے کیا گیا ہے جو کہ ایک محدود رقم ہے ۔" (ساتوشی ناکاموتو)

پیسہ وہ ہے جسے لوگ پیسے کے طور پر استعمال کرتے ہیں بھلے وہ سونا ، چاندی ، پیسہ یا پھر بٹ کوائن ہو اور بھلے یہ کسی بھی شکل میں ہو۔

پیسہ ایک شاندار ایجاد ہے اس کے بغیر دنیا کے معاملات بہت پیچیدہ ہیں۔ کتنی مچھلیوں سے نئے جوتے خریدے جائیں گے؟ کتنی گائیں نیا گھر بنانے میں مدد کریں گی ؟ اور اگر مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے تو پیسے کے طور پر استعمال ہونے والے سیب کو گلنے سڑنے سے کیسے روکا جا سکتا ہے ؟ آپ کو یہ نتیجہ اخذ کرنے میں دیر نہیں لگے گی کہ بارٹر سسٹم بری طرح ناکارہ ہے۔

پیسے کو کسی بھی دوسری چیز کے بدلے میں تبدیل جا سکتا ہے۔ جیسے کہ نک سابو نے خلاصہ کیا ہے کہ ہم انسانوں نے ہر چیز کو بطور پیسہ استعمال کیا ہے ، ہاتھی کے دانتوں ، ہڈیوں ، خاص زیورات یہاں تک کہ ہم سونے اور چاندی جیسی دھاتوں کو بھی پیسے کے طور پر استعمال کر چکے ہیں ۔

ہم انسان ایک سست مخلوق ہونے کی وجہ سے ان چیزوں کے بارے میں نہیں سوچتے جو ٹھیک ٹھیک کام کرتی ہیں اور پیسہ باکمال کام کرتا ہے لیکن دوسری چیزیں جو اندر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں اور کام بھی چھوڑ دیتی ہیں ہم صرف ان کے بارے میں سوچتے ہیں ۔ جیسا کہ کمپیوٹر اور دوسری الیکٹرانکس کے آلات ۔ جن لوگوں نے افراط زر کی وجہ سے اپنی جان سے بھی پیاری جمع پونجی کو جاتے دیکھا وہ پیسے کی قدر جانتے ہیں ۔ بالکل اسی طرح جیسے وہ لوگ رازداری کی قدر جانتے ہیں جنھوں نے اپنے قریبی لوگوں کو روس ، جرمنی اور سویت مظالم کی وجہ سے غائب ہوتے دیکھا۔

> ''پیسے کے بارے میں مشہور ہے کہ یہ ہر چیز پر محیط ہے ۔ یہ ہر لین دین کا نصف ہے جو طاقتور لوگوں پر اثرانداز ہوتا ہے۔ پیسہ کیونکہ تجارتی قدر کا نصف ہے اور قومیں لین دین میں پیسے کی قدر کے لحاظ سے اپنے پیسے کے عروج اور زوال تک پہنچتی ہیں، ہم یہاں ایسے وہم کی بات کر رہے ہیں جو رات کے وقت اڑان بھرتا ہے۔ ایسی طاقت جو جب تک قائم رہتی ہے حقیقت دکھائی دیتی ہے۔ یہ فیڈ کی طاقت کا بنیادی مرکز ہے۔ ''
>
> (رون پال )

بٹ کوائن پیسے کو طاقت کے عہدے سے ہٹاتا ہے اور طاقت کے استعارے کے بغیر پیسے کی تخلیق کو ختم کرتا ہے۔ روم بہت سے تکرار کے ادوار سے گزری جن میں سے زیادہ تر اچھے ہی تھے مگر حال میں آ کر پیسے کے اندرونی معاملات خراب ہوگئے ہیں ۔ زیادہ تر پیسہ طاقتوں سے وجود میں آیا۔ اور طاقتوں کے لیئے یہ کیسے ممکن ہوا اس کو جاننے کے لیئے مجھے پیسے کے زوال کی وجوہات کے بارے میں معلوم کرنا پڑا۔

تباہی کا ایک سلسلہ یا پھر اس سب کو ختم کرنے لیئے تعلیمی آگاہی کا ایک سلسلہ کافی ہے۔ میں پیسے کے دیوتاؤں سے دعا کرتا ہوں کہ یہ بعد میں ممکن ہو۔

بٹ کوائن مجھے سکھاتا ہے کہ پیسہ کیا ہے ؟

# سبق 12

## پیسے کا زوال اور تاریخ

انہیں یقیناً وہ باتیں یاد نہیں ہونگی جو دوسروں نے سمجھائیں ۔ مثلاً اگر آگ میں جائیں گے تو وہ آپکو جلا دے گی ، اگر آپ چاقو سے اپنی انگلی کاٹتے ہیں تو خون نکلے گا یا پھر یہ کہ زہر کا لیبل رکھنے والی دوا نہیں پینی ، اگر آپ وہ پیتے ہیں تو ہم زیادہ دیر اس سے متفق نہیں ہو سکتے۔

بہت سے لوگوں کو لگتا ہے کہ پیسے کے پیچھے سونا رکھا جاتا ہے جو کہ بڑی بڑی دیواروں والے لاکروں میں رکھا جاتا ہے۔ مگر یہ بات تو صدیوں پہلے ہی ختم ہو گئی تھی۔ میں بہت بڑی مصیبت میں تھا جب میں نے یہ سوچا کہ سونا اتنا ضروری کیوں ہے یا پھر کسی شے سے پیسے کی پشت پناہی کیوں ضروری ہے ۔ مجھے ان سب چیزوں کی کوئی سمجھ نہیں تھی۔ بٹ کوائن کو سیکھنے کا ایک حصہ فیاٹ کرنسیوں کو سیکھنا بھی ہے۔ کہ اس پیسے کا کیا مطلب ہے یہ کہاں سے آیا اور یہ اب تک کا سب سے بہترین میڈیم کیوں نہیں ہے۔ اور ہم نے فیاٹ کرنسیوں کو کیوں استعمال کرنا شروع کیا؟

اگر کوئی چیز فیاٹ کے ذریعے مسلط کی جاتی ہے تو وہ رسمی اجازت کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اسی طرح فیاٹ کرنسیاں صرف پیسہ ہیں کیونکہ انہیں پیسہ کہا جاتا ہے۔ آج سب حکومتیں یہی فیاٹ کرنسی استعمال کرتی ہیں جبکہ آپ ان کرنسیوں کی قیمت کی تجویز سے اختلاف نہیں کر سکتے۔ اس قیمت کی تجویز حکومتوں کی طرف سے عوام پر ظلم کے مترادف ہے۔ اگر آپ اس حکومتی کرنسی کو کاروبار اور ٹیکس کی مد میں استعمال کرنے سے گریز کر رہے ہیں تو آپ صرف اپنے جیل کے ساتھیوں کیساتھ معیشت کے متعلق بات کر سکیں گے۔

فیاٹ کرنسیوں کی قدر ان کی موروثیت میں نہیں ہوتی بلکہ ان لوگوں کی وجہ سے ہوتی ہے جو اس کو وجود میں لائے ہیں۔ اس کی قیمت اپنے من مانے فرمان کے ذریعے طے کی جاتی ہے۔

کچھ عرصہ پہلے تک پیسے کی صرف دو قسمیں استعمال کی جاتی تھیں۔ اشیاء کی قیمت کے طور پر کوئی قیمتی قدر اور یا پھر پیسے کے طور پر علامتی قدر زیادہ تر کاغذی شکل میں۔

جیسا کہ ہم خاص اشیاء کو قیمت کے استعمال کے طور پر بیان کر چکے ہیں کہ انسان پہلے قیمتی سامان کے طور پر گھونگھے ، نباتات ، ہڈیاں وغیرہ استعمال کرتے رہے ہیں اور پھر ایک قیمت کے طور پر سونا چاندی ہیرے جیسی دھاتیں بھی بطور قیمت استعمال ہوئی ہیں ۔

اب تک سب سے پرانی کرنسی سونے اور چاندی کے مکسچر سے بنایا گیا ایک سکہ ثابت ہوئی ہے جسے ستائیس سو سال پہلے بنایا گیا تھا۔ اگر بٹ کوائن نیا ہے تو سکے کا یہ تصور ہی نہیں ہے۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ آج بھی استعمال کی جانے والی ہولڈنگ اور ذخیرہ اندوزی سکوں کی طرح ہی پرانی ہے۔ ان میں سے سب سے قدیم سکوں کا ہولڈر وہ شخص تھا جس نے ایک ہزار سکوں کو کسی چیز میں ڈال کر مندر کی بنیادوں میں دفن کر کے چھپا دیا تھا۔ جو کہ پچیس سو سال بعد ہی ملے گا۔ میرا کہنا ہے کہ یہ ایک اچھا کولڈ سٹوریج تھا۔

قیمتی قدر کے طور پر سکوں کے استعمال میں ایک خرابی یہ ہے کہ انہیں تراشا جا سکتا ہے جس سے ان کی اصل قدر میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ کلپنگس سے نئے سکے بنائے جا سکتے ہیں ۔ بڑھتے وقت کے ساتھ ہر پرانے سکے کی قیمت کم ہو سکتی ہے۔ لوگ اس وقت اتنا ہی محفوظ کر رہے تھے جتنا کہ وہ چاندی کے ڈالر لیکر بھاگ سکیں مگر میں حیران ہوں کہ ان دنوں میں ان کے پاس ڈالر شیو کلب کہاں موجود تھے ؟

حکومتیں صرف افراط زر کے ساتھ کمزور ہوتی ہیں اگر ایسا ہوتا ہے تو پھر صرف گوریلا کارروائی ہی رسوائی سے روک سکتی ہے ۔ عام پولیس والے چوروں کے دور میں وقت کے ساتھ ساتھ ، اپنی تکنیک کی مدد سے زیادہ سے زیادہ ہوشیار ہوتے گئے جس نے ماسٹر آف دی منٹ کو جوابی کاروائی میں زیادہ تخلیقی ہونے میں مدد دی۔ آئزک نیوٹن بھی انہی لوگوں میں سے ایک ہیں۔

انہیں سکوں کے اطراف میں دھاریاں (لکیریں ) شامل کرنے کا موجد جانا جاتا ہے جو کہ آج بھی موجود ہیں۔ یہ وہ وقت ہے جب آسان سکے تراشنے کا زمانہ جا چکا تھا۔

سکے کی بے حرمتی کے ان طریقوں کے باوجود سکوں میں دیگر مسائل بھی ہیں جیسے کہ وہ بھاری ہیں اور نقل و حمل کے لیئے آسان نہیں ہیں۔ خاص طور پر جب آپ بہت بڑی مقدار کو منتقل کرنا چاہتے ہوں۔ جیسے کہ اگر آپ ایک مرسیڈیز خریدنا چاہتے ہیں تو چاندی کے سکوں سے بھرے کتنے بڑے بڑے بیگ اٹھانا پڑیں گے ؟

جرمن چیزوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے ، امریکی ڈالرز نے اپنا نام کیسے بنایا یہ کہانی بہت اہم ہے۔ لفظ ڈالر جرمن لفظ تھیلرز سے ماخوذ ہے جو جوامچسٹالر کے لئے مخصوص تھا جاکم تھیلر ایک سکہ تھا جو کہ جوامچسٹالر قصبے میں بنایا جاتا تھا۔ تھیلر وادی میں آنے والوں کے لیئے ایک شارٹ ہینڈ تھا چونکہ جوامچسٹالر میں یہ سکے بنتے تھے اس لیئے انہیں صرف تھیلر کہا جانے لگا۔ تھیلر جرمن میں ، ڈالڈرز ڈچ میں اور آخر میں انگریزی میں ڈالر کہا جانے لگا۔

برلن۔ جارج cc by sa اصل ڈالر کی تصویر ہے جس میں سینٹ یوخر اپنی جادوئی ٹوپی اور لباس کے ساتھ موجود ہیں۔

ایک نمائندہ رقم کے آنے سے مشکل رقم زوال پذیر ہوگئی ۔ سونے کے سرٹیفیکیٹ 1863 میں متعارف کرائے گئے اورپندرہ سال بعد چاندی کے سکے بھی کاغذی کرنسی میں تبدیل کر دیئے گئے۔ چاندی کے پہلے سرٹیفیکیٹ کو پچاس سال لگے مگر یہ کاغذی سرٹیفیکیٹ کبھی کسی ڈالر نام کی چیز میں منتقل نہ ہوا۔

تصویر میں 1928 کا امریکی سلور ڈالر موجود ہے ، مطالبہ پر ادا کریگا ، متعلقہ انسٹیٹیوٹ کو تصویر کا کریڈٹ جاتا ہے۔

انیس سو اٹھائیس کا امریکی چاندی کا ڈالر آج بھی چاندی کے سرٹیفیکیٹ کے نام سے جانا جاتا ہے ۔ یہ واقعی ایک دستاویز ہے جس پر کہا گیا ہے کہ چاندی کے سرٹیفیکیٹ کے بدلے حامل ہذا کو چاندی کا ٹکڑا ادا کردیا جائے گا۔ وقت کے ساتھ ساتھ متن چھوٹا ہوتا گیا۔ سرٹیفیکیٹ کی جگہ اس بات کی یقین دہانی نے لے لی کہ یہ واقعی وفاقی ریزرو ہے۔

چاندی جیسا معاملہ ہی سونے کے ساتھ بھی ہوا ، یہ دو دھاتی معاملہ تھا۔ سکے بنیادی طور پر سونے اور چاندی کے تھے اور انہیں کاغذی سرٹیفیکیٹ پر منتقل کرنا ایک تکنیکی بہتری تھی۔ کیونکہ کاغذ زیادہ آسان اور ہلکا ہے اسے آسانی سے منتقل کیا جا سکتا ہے یا پھر چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔ اس پر چھوٹا سا نمبر پرنٹ کر کے اسے چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

صارفین کو اصل سونے اور چاندی کے سرٹیفیکیٹ کی یقین دہانی کے لیئے انہیں انہی رنگوں میں پرنٹ کیا جاتا ہے اور سرٹیفیکیٹ پر اسے پرنٹ کیا جاتا ہے تا کہ تحریر کو باآسانی پڑھا جا سکے۔

"یہ اس بات کی یقین دہانی کراتا ہے کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کو ایک سو سونے کے سکے جمع کرائے گئے ہیں جو کہ مطالبہ پر ادا کر دیا جائے گا"

تصویری کریڈٹ ، نیشنل نومیسنٹک کلیکشن ، نیشنل میوزیم آف امریکن ہسٹری کو جاتا ہے۔

ان تمام نوٹوں سے "پیش کرنے والے کو مطالبہ پر ادائیگی" کے الفاظ کو ہٹا دیا گیا۔ 1963 میں پانچ سال بعد نوٹوں کو اس طریقے سے چھڑانا بالکل ختم ہوگیا۔

اصل اور خیالی کرنسی کی نشاندہی کرنے والے الفاظ کو کاغذی کرنسی نوٹوں پر سے ختم کردیا گیا۔ سنہری رنگ غائب کر کے صرف کاغذ باقی رہ گیا جس کے پیچھے یہ مصلحت تھی کہ مرضی کے مطابق نئے نوٹ جاری کیے جا سکیں۔

1971 میں گولڈ اسٹینڈرڈ کے خاتمے کے بعد ایک صدی جتنا طویل سلائٹ آف ہینڈ ختم ہوگیا۔ پیسہ صرف ایک وہم بن گیا مگر چھا گیا۔ فیاٹ پیسہ کچھ قابل زر ہے کیونکہ یہ کہیں فوج کی نمائندگی کر رہا ہے اور آج کے نوٹ میں یہ واضح درج ہے کہ یہ حکومتی ٹینڈر ہے یعنی کہ یہ قابل قدر ہے کیونکہ نوٹ پر یہ لکھا ہوا ہے۔

2004 کی سیریز کا امریکی بیس ڈالر کا نوٹ آج بھی استعمال ہو رہا ہے۔ کیونکہ یہ نوٹ قانونی ٹینڈر ہے۔

ویسے آج کا پیسہ ایک دلچسپ سبق ہے جو کہ سادہ نظروں سے دیکھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اس پر لکھا ہوتا ہے کہ یہ نوٹ ایک سرکاری ٹینڈر ہے تمام سرکاری و نجی قرضوں کے لیئے۔ پیسے اور قرض کے اس تعلق نے میرا سر چکرا دیا کیونکہ پیسہ ایک قرض ہے۔ میں یہ کھوج قارئین پر چھوڑنے رہا ہوں ۔

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہزاروں سالوں تک سونا اور چاندی، پیسے کے طور پر استعمال ہوتے رہے ہیں اور پھر ان کی جگہ کاغذی کرنسی نے لے لی۔ آہستہ آہستہ کاغذی کرنسی ایک قابل قبول ذریعہ بن گیا اور کاغذی وہم نے ایک مستحکم صورت اختیار کرلی۔ کاغذ نے گولڈ کے اسٹینڈرڈ کو ختم کردیا اور یہ بتایا کہ کاغذ ہی قیمتی ہے۔

بٹ کوائن نے مجھے پیسے کی تاریخ اور عظمت کے بارے میں سکھایا۔

# سبق 13

## فریکشنل ریزرو پاگل پن

الاس !! بہت دیر ہو چکی تھی ، وہ بڑھتی گئی آخر کار اس کو گھٹنے ٹیکنے پڑے ۔ اس نے لیٹنے کا اثر آزمایا۔ اس کا ایک بازو دروازے کے ساتھ اور دوسرا اسکے گرد گھوم گیا مگر پھر بھی وہ آگے بڑھتی گئی ۔ آخر میں اس نے اپنا بازو کھڑکی سے باہر اور ایک پاؤں چمنی کی طرف رکھا۔ اس نے پھر کہا کہ میں کچھ نہیں کر سکتی میرا آخر کیا بنے گا ؟

قدر اور پیسہ عام موضوعات نہیں ہیں جیسے کہ ہمارے بینکنگ سسٹم میں نوٹ چھاپنے کا عمل غیر معمولی ہے۔ میں اس کو جھٹلا نہیں سکتا کہ یہ سب جان بوجھ کر کیا گیا ہے جو متن صرف اکڈیمیا میں ملتا تھا وہ اب رائج العام ہے۔ کسی بھی چیز کی وضاحت نہیں کی گئی ہے اس لئے نہیں کہ یہ پیچیدہ ہے بلکہ اس لیئے کہ سچائی کو پرتوں میں چھپا دیا گیا ہے۔ "توسیعاتی مالیاتی پالیسی جیسے فینسی الفاظ سے سامعین کو سر ہلانے کے لیئے ہیپناٹائز کر دیا جاتا ہے۔"

فریکشنل ریزرو اور مقدادی نرمی دو فینسی الفاظ ہیں جو حقیقت کو ڈھانپ کر مبہم کر دیتے ہیں۔ اگر آپ یہ سب ، ایک پانچ سال کے بچے کو سمجھانے بیٹھ جائیں تو ان دونوں کا پاگل پن عیاں ہوجائے گا۔ گاڈفری بلوم نے مشترکہ بحث کے دوران یورپی پارلیمنٹ میں کہا کہ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جتنا کہ میں کر سکتا ہوں۔

آپ واقعی بینکنگ کے تصور کو سمجھتے نہیں ہیں۔ تقریباً ساری بینک ٹوٹ چکے ہیں۔ بینک سٹینڈرڈ ، ڈوئچے بینک اور رائل بینک تقریباً سبھی بینک ٹوٹ چکے ہیں۔ یہ کوئی سونامی یا خدائی آفت نہیں ہے۔ یہ سب اس سسٹم کی وجہ سے ہے جسے فریکشنل ریزرو بینکنگ کہا جاتا ہے ۔ یعنی کہ بینک وہ قرضہ بھی دے سکتے ہیں جو ان کے پاس موجود ہی نہیں ہے ۔ یہ مجرمانہ کام کافی عرصے سے یونہی چل رہا ہے۔

> "یہی جعل سازی کبھی کبھی مقداری نرمی کہلاتی ہے۔ لیکن سیم اور جرم ہے کہ پیسے
> کی مصنوعی چھپائی ، جو کہ اگر کوئی عام آدمی کرتا ہے تو اسے جیل کا سامنا کرنا پڑے
> گا۔ " (گاڈفری بلوم)

میں اگر اہم حصے کے بارے میں بات کروں تو وہ یہ ہے کہ بینک ایسا پیسہ قرض کے طور پر دے سکتے ہیں جو کہ ان کے پاس موجود نہیں ہے۔ فریکشنل ریزرو کے تحت ایک بینک ڈالر کا صرف چھوٹا سا حصہ رکھ سکتا ہے جو کہ زیرو سے دس فیصد تک ہے ۔اور یہ چیزوں کو اور بھی بدتر بنا دیتا ہے۔

پاگل پن کے اس تصور کو سمجھنے کے لیئے ایک ٹھوس مثال کا استعمال کرتے ہیں ہمیں تمام حساب اپنے دماغ میں کرنے کے قابل ہونا چاہیئے۔ یہ دس فیصد جب گردش کرے گا تو ، کیونکہ آپ اپنے سو ڈالر بنک میں اس لئے لیکر جاتے ہیں کہ گدے کے نیچے یہ محفوظ نہیں ہیں۔ بنک صرف اس کے کچھ حصے پر اتفاق رکھے گا یعنی کہ سو ڈالر کا دس فیصد دس ڈالر ہے ۔ تو یہ دس ڈالر وہ حصہ ہوگا جو بنک رکھتے ہیں اپنے پاس اور باقی کے نوے ڈالر ؟ وہ ان کو لوگوں میں قرض کی صورت میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ یہ معیشت میں بہت اہم ہے آپ کی سو ڈالر کی ڈیپازٹ جلد ہی اس کو ایک سو ویں ڈالر میں بدل دے گی مگر آپ کی ملکیت اب بھی سو ڈالر ہی رہے گی۔ نئے بنائے گئے نوے ڈالرکا نوے فیصد قرض دینے سے جلد ہی اسے دو سو اکہتر ڈالر میں بدل دے گی۔

کیونکہ بینک لفظی طور پر پیسے دے رہا ہے جو کہ اس کے پاس نہیں ہیں ، بینک جادوئی طور پر بنا کوئی منتر پڑھے ایک سو ڈالر کو ایک ہزار یا اس سے بھی زیادہ کی مالیت میں بدل سکتا ہے۔ 10 گنا آسان ہے اس میں صرف دو چکر طے کرنے ہوتے ہیں۔

مجھے غلط مت سمجھیں ، قرض دینے میں یا سود لینے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ یہاں تک کہ اچھے بنکوں میں بھی کوئی غلطی نہیں ہے وہ آپکے پیسے کو آپکی جرابوں میں رکھنے سے کہیں زیادہ محفوظ بناتے ہیں۔ مگر مرکزی بنک ایک الگ جانور ہے وہ آدھا سرکاری ، آدھا نجی ہے۔ وہ عالمی تہذیب سے منسلک ہر شخص کو متاثر کرتا ہے۔ یہ کسی مستقبل یا آڈٹ کے بغیر اس میں شامل ہوجاتا ہے۔

بٹ کوائن بھی افراطِ زر کا شکار ہے مگر یہ افراط زر جلد ہی ختم ہو جائے گا کیونکہ یہ اکیس ملین کی محدود سپلائی کا حامل ہے۔ اب ہمارے پاس مالیات کی دو سمتیں ہیں ۔ ایک پیسہ جو من مانی سے پرنٹ کیا جاتا ہے اور دوسرا بٹ کوائن جو کہ محتاط سپلائی کا حامل بنایا گیا ہے۔ ایک کو پرتشدد طریقے سے مسلط کیا جات ہے تو دوسرے فریق کا یہ حال ہے کہ جو کوئی بھی اپنی مرضی سے شمولیت کرنا چاہے وہ کر سکتا ہے۔ نہ داخلے میں کوئی رکاوٹ نہ ہی کوئی کنٹرول یہی بٹ کوائن کی خوبصورتی ہے۔

ماہرین اقتصادیات کے مابین بحث اب خالصتاً علمی نہیں رہی ہے۔ ساتوشی ، سٹیرائڈز کی قدر پر ایک نظام بنانے میں کامیاب ہوگیا۔ جس سے اب تک کی سب سے بہترین قدر بنانے میں مدد حاصل ہوئی ۔ کسی نہ کسی طرح لوگ فریکشنل ریزرو بینکنگ کے گھوٹالے کے بارے میں جانیں گے اور پھر بٹ کوائن کی طرف لپک پڑیں گے۔ اگر وہ سمجھ جاتے ہیں تو وہ پیسے کے بڑھتے ہوئے انٹرنیٹ کا حصہ بن جائیں گے اور انہیں ایسا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

بٹ کوائن نے مجھے سمجھایا کہ فریکشنل ریزرو بینکنگ ایک کھلم کھلا دھوکہ اور پاگل پن ہے۔

# سبق 14

## اچھی رقم

لکڑی میں گھومتے ہوئے ایلس نے کہا کہ

" سب سے پہلے جو کام کرنا ہے وہ ہے صحیح سمت میں بڑھنا اور دوسری خوبصورت چیز ہوگی اس باغ میں داخل ہونے کا صحیح رستہ۔ "

اتنے عرصے سے میں نے بٹ کوائن سے یہ سیکھا کہ طویل مدت میں ہارڈ کرنسی ، نرم پیسے سے زیادہ بہتر ہے ۔ ہارڈ کرنسی کسی بھی سطح پر تجارت میں استعمال کی جانے والی کوئی بھی رقم ہو سکتی ہے۔ اور یہ قدر کے قابل اعتماد ذخیرے کے طور پر استعمال ہو سکتی ہے۔

یہ سچ ہے کہ بٹ کوائن ابھی بھی مستحکم ہے ۔ ناقدین یہ کہیں گے کہ بٹ کوائن ابھی تک قدر کا قابل اعتماد ذخیرہ نہیں ہے۔ اس دلیل میں کوئی دم نہیں ہے کیونکہ اتار چڑھاؤ تو متوقع رہتا ہی ہے ۔ مارکیٹ کو اس نئی قدر کی قیمت معلوم کرنے میں وقت لگے گا ۔ یہ بات اکثر مذاق میں کہی جاتی ہے کہ یہ پیمائش کی غلطی پر مبنی ہے۔ اگر آپ ڈالرز کو دیکھتے ہیں تو یہ دیکھیں گے کہ ایک بٹ کوائن کی قیمت ہمیشہ ایک بٹ کوائن ہی ہوگی۔

"ایک مقررہ رقم کی فراہمی جس میں صرف معروضی اور قابل حساب معیار کی تبدیلی کی گئی ہے۔ یہ پیسے کی بامعنی اور منصفانہ قیمت کے لیئے شرط ہے۔ " (ایف-آر برنارڈ ڈبلیو ڈی)

متروک ہو چکی کرنسیوں کے قبرستان سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جو رقم پرنٹ کی جا سکتی ہے اسے پرنٹ کیا جائے گا اور کوئی بھی انسان اس سازش سے نہیں لڑ سکتا۔ بٹ کوائن ایک موثر طریقے سے پرنٹ کرنے کے خطرہ کو دور کرتا ہے۔ ساتوشی ہمارے لالچ سے واقف تھا اس لئے اس نے انسانی لالچ سے کہیں زیادہ پائیدار چیز کا انتخاب کیا۔

یہ فارمولا بٹ کوائن کی افادیت کو ثابت کرتا ہے لیکن اصل میں یہ کوڈ میں کہیں نہیں پایا جاتا نئے بٹ کوائن کا اجراء کنٹرول صورتحال میں کیا جاتا ہے۔ کان کنوں کو ملنے والے کمیشن کے علاوہ تیزی سے ہڈ کے نیچے کے طریقہ کار کو بیان کرتا نظر آتا ہے ۔ جب بھی کوئی درست بلاک تلاش کیا جاتا ہے تو تلاش کرنے والے کو دس منٹ کے اندر اس کا معاوضہ دیا جاتا ہے۔

فیاٹ کرنسیوں کی مضبوطی کا انحصار اس چیز پر ہے کہ پرنٹنگ کا انچارج کون ہے ۔ کچھ حکومتیں دوسری حکومتوں کے مقابلے میں زیادہ کرنسی پرنٹ کرتی ہیں جس کے نتیجے میں کرنسی کمزور ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ دوسری حکومتیں اپنی کرنسی کی پرنٹنگ پر پابندیاں عائد کر سکتیں ہیں جس سے کرنسی میں زیادہ مضبوطی آتی ہے۔

مثال کے طور پر فیاٹ کرنسیوں کے آنے سے پہلے پیسے کے طور پر استعمال ہونے والی اشیاء کی قیمت کا اندازہ اس کی قدرتی خصوصیات سے ہوتا تھا۔ زمین پر سونے کا تناسب طبعیات کے لحاظ سے نایاب ہے کیونکہ سوپر نووا اور نیوٹران ستارے کا ٹکراؤ نایاب ہے۔ اور اسکا بہاؤ بھی نایاب ہے کیونکہ یہ بھاری ہونے کی وجہ سے گہری زمین میں پایا جاتا ہے اور اسے نکالنے پر زیادہ خرچ آتا ہے۔

سونے کے معیار کے خاتمے نے ایک نئی حقیقت کو جنم دیا ہے۔ نئی رقم صرف سیاہی کے ایک قطرے کی محتاج ہوتی ہے اور بینک میں یہ عمل اور بھی آسان ہوجاتا ہے جہاں صرف ایک بٹن دبانے سے صفروں کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

"اس نئی حقیقت کا ایک پہلو یہ ہے کہ FED جیسے ادارے دیوالیہ نہیں ہو سکتے۔
وہ کسی بھی رقم کو پرنٹ کر سکتے ہیں جسکی ضرورت ہو حتیٰ کہ صفر ضرورت ہو۔ "
(جورگ گائڈو ہلز مین )

